15 ستمبر 2026ء

# اسٹیٹ بینک کے ریگولیٹری سینڈ باکس کے پہلے گروپ کا کام مکمل ہو گیا

بینک دولت پاکستان نے ایس بی پی وژن 2028ء کے تحت اپنے ریگولیٹری سینڈ باکس کا پہلا گروپ اگست 2025ء میں متعارف کرایا تھا، جس کا مقصد اسٹیٹ بینک کی ضوابطی نگرانی میں ایک کنٹرول شدہ ماحول کے اندر جدت پسند خدمات کی آزمائش کے ذریعے ڈجیٹل مالی خدمات میں جدت طرازی کو فروغ دینا تھا۔ اس کے پہلے گروپ میں تین موضوعات پر توجہ مرکوز کی گئی تھی: آنے والی ترسیلات زر کے لیے ٹیکنالوجی پر مبنی حل، اوپن بینکاری اور تاجروں کی فاصلاتی آن بورڈنگ۔

جامع جائزے کے بعد چھ (06) امیدواروں کو منتخب کیا اور انہیں مدعو کیا گیا کہ وہ جنوری تا جون 2026ء کے دوران سینڈ باکس میں شامل اپنی خدمات کی آزمائش کریں۔ اس گروپ کے عملی مظاہرے کے دوران اسٹیٹ بینک کی اہلکاروں نے اس میں شامل افراد کو ضروری معاونت اور ضوابطی رہنمائی فراہم کی۔ تجربے کی مدت کے مکمل ہونے پر درج ذیل شرکا نے اپنی خدمات کا کامیاب مظاہرہ کیا۔

| سیریل نمبر | شرکا | موضوع |
|---|---|---|
| 1 | ٹیپ ٹیپ سینڈیو کے لمیٹڈ اور یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ | آنے والی ترسیلات زر کے لیے ٹیکنالوجی پر مبنی حل |
| 2 | ڈجی کھاتہ (ایس ایم سی۔ پرائیویٹ) لمیٹڈ | اوپن بینکاری |
| 3 | سوئچ ریٹیل پرائیویٹ لمیٹڈ | اوپن بینکاری |
| 4 | نیم ایسکپو نین شیل فنانشیل سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ | اوپن بینکاری |

یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ سینڈ باکس آزمائش کی کامیاب تکمیل کا مطلب ان کی ضوابطی منظوری نہیں ہے اور کامیاب شرکا کو سینڈ باکس میں جانچی گئی اپنی خدمات یا پروڈکٹ کو کمرشل طور پر متعارف کروانے سے قبل اسٹیٹ بینک سے مناسب اجازت اور منظوری حاصل کرنا ہو گی۔

گروپ 1 کے نتائج، علم اور ضوابطی تجاویز سے اسٹیٹ بینک کو وسیع تر صنعت کو فائدہ پہنچانے کے لیے متعلقہ ضوابطی فریم ورکس کی تیاری میں مدد ملے گی۔ آگے چل کر، اسٹیٹ بینک کو توقع ہے کہ ریگولیٹری سینڈ باکس سے فنانشیل ٹیکنالوجی اداروں (فن ٹیک) اور بینکوں سمیت صنعت کے فریقوں کو جدت پسند، عملی، صارف دوست اور مالی خدمات تک رسائی کو توسیع دینے اور اثر انگیزی و صارفی تجربے کو بہتر بنانے کے لیے ٹیکنالوجی پر مبنی حل وضع کرنے اور متعارف کرانے میں سہولت ملتی رہے گی۔

******|